## ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر کے کارکن فضل احمد کی شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔9،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ سیکٹر یونٹ 113 کے یونٹ انچارج فضل احمد کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کی تحریکی خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔انہوں نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے۔جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ای ایس سی یونٹ کے کارکن محمد آصف اختر کے انتقال پر بھی گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے یونٹ انچارج فضل احمد کی شہادت کا واقعہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی ہے،رابطہ کمیٹی
## فضل احمد کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے انہیں عبرتناک سزا دی جائے
## فضل احمد شہید کے سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت کا اظہار،شہید کی مغفرت،سوگواران کیلئے صبر جمیل اور
## واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا
## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے یونٹ انچارج فضل احمد شہید کو آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کردیا گیا

کراچی:۔۔۔9،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 113 کے انچارج فضل احمد کی شہادت کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور واقعہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ایک سوچی سمجھی سازش کے ذریعے شہر میں قتل و غارت گری کے واقعات کر کے شہر میں آگ اور خون کا بازار گرم کرنا چاہتے ہیں تاکہ شہر کے امن بری طرح سبوتاژ کیا جاسکے اور فضل احمد کے قتل کا واقعہ بھی اسی سازش کی ایک کڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شہر میں قیام امن کیلئے مسلسل کوشاں اور ایسے میں دہشت گرد عناصر کی جانب سے ایم کیوایم کے ہمدردوں،کارکنان اور ذمہ داران کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر انہیں قتل کرنے کے واقعات ناقابل برداشت ہیں جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے فضل احمد شہید کے سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت،سوگواران کیلئے صبر جمیل سمیت واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 133 کے یونٹ انچارج فضل احمد کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے انہیں عبرتناک سزا دی جائے۔دریں اثناء مسلح دہشت گردوں فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 113 کے یونٹ انچارج فضل احمد کو سینکڑوں آہوں اور سسکیوں کے درمیان بلدیہ ٹاؤن 7 نمبر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان،حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور،کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین،بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ای ایس سی یونٹ کے کارکن محمد آصف اختر اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 171 کے شہید کارکن محمد علی کی والدہ محترمہ رئیسہ بیگم کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے(آمین)

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام 12 اگست بروز اتوار کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں سالانہ امدادی پروگرام منعقد ہوگا
## امدادی پروگرام کے شرکاء سے جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔10، اگست 2012ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام 12، اگست اتوار کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں سالانہ امدادی پروگرام منعقد ہوگا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ امدادی پروگرام میں ہزاروں غرباء، مساکین، بیواؤں، یتیموں اور مستحقین میں نقد رقوم کے علاوہ دیگر امدادی اشیاء تقسیم کی جائیں گی۔ امدادی پروگرام کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے مستحقین سے درخواستوں کی وصولی کے بعد انہیں ٹوکن جاری کئے جاچکے ہیں جبکہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں امدادی پروگرام کے انعقاد کے لئے تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتما ہر سال رمضان المبارک کے آخری عشرے میں امدادی پروگرام کا انعقاد کیا جاتا ہے جس سے ہزاروں مستحقین مستفید ہوتے ہیں۔

## سندھی کے مشہور صحافی، مصنف اور سندھی ادبی سنگت کے بانی شمشیر الحیدری کے انتقال پر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10 اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھی کے مشہور صحافی، مصنف اور سندھی ادبی سنگت کے بانی شمشیر الحیدری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے بات چیت کے ذریعے قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے، ڈاکٹر صغیر
## ملک پر منڈلانے والے خطرات کے پیش نظر گول میز کانفرنس وقت کی اہم ضرورت ہے عبدالرؤف صدیقی
## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت شہریوں کے اعزاز میں لطیف آباد میں منعقدہ افطار و ڈنر کی تقریب کے شرکاء سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔10، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیر اہتمام گزشتہ روز لطیف آباد نمبر 2 میں شہریوں کے اعزاز میں افطار و ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ افطار و ڈنر میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، رابطہ کمیٹی کے رکن شاکر علی، حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی، سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، اراکین زبیر احمد خان، غلام حیدر راہو، جوائنٹ زونل انچارجز نوید شمسی، ذوالفقار خانزادہ و اراکین زونل کمیٹی، مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، علماء کرام، تاجروں، صنعت کاروں، فلاحی و سماجی شخصیات اور صحافیوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ افطار و ڈنر کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ آج ملک کے ادارے تصادم اور محاذ آرائی کا شکار ہیں، اس لئے یہ ضروری ہے کہ ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے بات چیت کے ذریعے قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین ملک کو درپیش مسائل سے نجات دلانا چاہتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ 6، اگست کو کراچی میں منعقدہ افطار ڈنر میں جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی و مذہبی رہنماؤں کو دعوت فکر دی ہے۔ ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ آج ملک میں مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بدحالی انتہا کو پہنچ چکی ہے، بلوچستان کا مسئلہ صحیح طور پر سامنے نہیں لایا جارہا ہے اور ملک میں ایک سازش کے تحت فرقہ واریت کو ہوا دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی و صنعتی حب ہے اور کراچی کے صنعتکار اور تاجروں کا تنزلی کی جانب دوچار ہونا ملک کی تباہی کے مترادف ہے جب تک تاجروں، صنعتکاروں کو تحفظ نہیں دیا جاتا ملک کو ترقی کی جانب لے جانا ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جغرافیائی سرحدیں انتہائی مخدوش ہیں، ملک کی خودمختاری و سلامیت داؤ پر لگی ہوئی ہے اسی لئے جناب الطاف حسین نے ملک کی بقاء و سلامیت کیلئے تمام سیاسی جماعتوں، دانشوروں، ادیبوں اور اہل رائے سے یہ کہا ہے کہ ہمیں سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا اور ملک کو سنگین بحران سے نکالنا ہوگا۔ افطار و ڈنر کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی نے کہا کہ ملک پر منڈلانے والے خطرات کے پیش نظر گول میز کانفرنس وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس میں تمام جماعتوں کی شرکت اور مل بیٹھ کر ملک کے مسائل کا حل نکالنا حب الوطنی ہوگی۔

## ایم کیوایم برطانیہ ٹوٹینگ (ساؤتھ لندن) یونٹ کے زیراہتمام دعوت افطار کا اہتمام

لندن:۔۔۔10،اگست،2012ء

ایم کیوایم برطانیہ ٹوٹینگ (ساؤتھ لندن) یونٹ کے زیراہتمام دعوت افطار کا اہتمام کیا گیا جس میں کثیر تعداد میں خواتین وحضرات اور بچوں نے شرکت کی۔تقریب سے ایم کیوایم برطانیہ کے جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین غریبوں اور مظلوموں کیلئے امید کی آخری کرن ہیں جو ملک کو جاگیردارانہ ،وڈیرانہ نظام کے طلسم سے آزاد کرانا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نظریہ اگر سچا ہو تو اسکو پھیلنے سے کوئی روک نہیں سکتا یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک کے چاہنے والے آج دنیا بھر میں انکے فکر وفلسفہ پر عمل کرتے ہوئے تحریک کے سچے نظریے کو پروان چڑھا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہر سیاسی جماعت کا رہنما ملک کا صدر یا وزیراعظم بننا چاہتا ہے مگر جناب الطاف حسین نے آج تک کوئی عوامی عہدہ لینا قبول نہیں کیا اور نہ ہی اپنے کسی بہن، بھائی یا دیگر رشتہ داروں کو نوازا کہ جیسے ملک کے دیگر سیاسی رہنما کرتے ہیں بلکہ اسکے برعکس قائد تحریک نے پارٹی کے غریب اور وفادار ساتھیوں کو اسمبلیوں میں بھیجا جنہوں نے ملک میں ترقیاتی کاموں کے ذریعے دنیا بھر میں نام کمایا،انہی میں سے ایک نام مصطفیٰ کمال کا بھی ہے کہ جنہوں نے کراچی میں ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے اور دنیا نے انہیں دوسرا بہترین میئر تسلیم کیا۔تقریب سے ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ہاشم اعظم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک پاکستان میں غریب اور متوسط طبقے کے انقلاب کی جدوجہد کر رہے ہیں اور وہ دن دور نہیں جب پاکستان کے 98 فیصد مظلوم عوام جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور موروثی وکرپٹ سیاستدانوں سے قائد تحریک کی رہنمائی میں نجات حاصل کرلیں گے (انشاءاللہ)۔تقریب کے شرکاء کو ایم کیوایم برطانیہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ریحان عباسی نے رمضان المبارک کی مبارکباد دیتے ہوئے اپیل کی کہ اس ماہ مقدس میں فطرہ، زکوٰۃ اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن (کے کے ایف) میں زیادہ سے زیادہ جمع کرائیں۔آخر میں ٹوٹینگ یونٹ کے ساتھ رضوان الدین نے تمام شرکائے محفل کا شکریہ ادا کیا۔بعدازاں تقریب میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور تحریک کی کامیابی اور شہدائے حق کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## موجودہ حکمرانوں نے ملک کو مسائل کے علاوہ کچھ نہیں دیا، ملک کے ہر شہر کو مصطفیٰ کمال جیسے میئر کی ضرورت ہے، افتخار اکبر رندھاوا

## ملک کی مفاد کی خاطر ایم کیوایم نے ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے رابطہ کیا ہے

## ملتان کے مقامی ہوٹل میں ایم کیوایم کی جانب سے منعقدہ افطار ڈنر سے خطاب

ملتان۔۔۔10،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ کوئی بھی سیاسی جماعت اگر ملک بچانے کر نفرنس بلاتی ہے تو ایم کیوایم اس کی حمایت کریگی۔ان اخیالات کا اظہار انہوں نے ملتان کے مقامی ہوٹل میں ایم کیوایم کی جانب سے منعقدہ افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کی مفاد کی خاطر ایم کیوایم نے ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے رابطہ کیا ہے (ن) لیگ کو کہا ہے کہ روایتی سیاست کو ترک کرکے پاکستان کو بچانے کیلئے آگے بڑھیں۔انہوں نے کہا کہ ملک نازک صورتحال سے گزر رہا ہے مگر کسی کو بھی پاکستان کی فکر نہیں ہے اگر ہماری لیڈروں نے ہوش کے ناخن نہ لے تو بلوچستان بھی مشرقی پاکستان کی طرح ہم سے جدا ہوجائیگا۔بلوچستان کو بچانے کیلئے بلوچوں کی ہر قسم کی شرائط کو تسلیم کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس دعوے میں کوئی بھی حقیقت نہیں کہ ایم کیوایم حکومتی مدت میں ایک سال کی توسیع کرنا چاہتی ہے۔ایم کیوایم وہ واحد جماعت ہے جس نے مڈل کلاس کے ورکر کو پارلیمنٹ تک پہنچایا اور ملک سے موروثی سیاست کا خاتمہ کیا۔ایم کیوایم نے ثابت کیا ہے کہ یہ سیاست بزنس نہیں بلکہ عوام کی خدمت ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کو اس وقت بیرونی خطرات لاحق ہیں اور ہماری قوم بکھر چکی ہے اور بکھری ہوئی قومیں ملک کا دفاع نہیں کرسکتیں ملک بچانے کے لئے ہمیں متحد ہونا پڑے گا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں نے ملک کو مسائل کے علاوہ کچھ نہیں دیا ایم کیوایم عوام کے مسائل کو حل کرنے کیلئے کوشاں ہے اور ملک کے ہر شہر کو مصطفیٰ کمال جیسے میئر کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆